ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((445

مورخہ17.09.25

**بہاول پور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کا سماج دشمن عناصر کے خلاف مختلف کارروائیوں میں06ملزمان گرفتار۔بھاری مقدار میں شراب،منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد۔جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہاہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن منشیات سے پاک پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ عباس نگر اور تھانہ نوشہرہ جدید پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 75لیٹر شراب برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ کینٹ اور تھانہ بغدادالجدید پولیس نے02ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 1250 گرام چرس اور 20 گرام کرسٹل آئس برآمد کرلی۔جبکہ اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ صدر احمدپور شرقیہ پولیس نے02ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 01عدد رائفل 222اور 01عدد پسٹل 30بور برآمد کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے،انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈی پی او محمد حسن اقبال کے احکامات،پولیس کی مختلف کارروائیاں،متعدد ملزمان گرفتار،بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((446

17.09.25

**بہاول پور(      ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کے احکامات، ٹریفک نظام میں بہتری اور شاہراہوں پر ٹریفک رواں دواں رکھنے کے لئے ٹریفک پولیس اپنا کردار ادا کرے۔ شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی اور حادثات سے بچاؤ پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، شہری موٹر سائیکل چلاتے وقت ہیلمٹ کا استعمال ہر صورت یقینی بنائیں، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق اور ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب کی طرف سے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے ٹریفک کے تمام سٹاف کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ لاء انفورسمنٹ و ٹریفک کی بلا رکاوٹ روانی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ سڑکوں پر سائن بورڈ اور کیٹ آئیز نصب کرائے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حادثات کی روک تھام کے حوالے سے تمام تر دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ٹریفک کی روانی کو بلا رکاوٹ یقینی بنایا جائے۔ کمرشل گاڑیوں میں LPG کے استعمال پر پابندی ہے خلاف ورزی کرنے والوں کو قانون کے مطابق منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ بغیر لائسنس ڈرائیونگ پر کارروائیاں مزید تیز کی جائیں۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک کے احکامات کے مطابق قائم کئے گئے ڈرائیونگ سکول و لائسنسنگ سینٹر میں ہر شہری کو ڈرائیونگ لائسنس سے متعلق تمام سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹریفک اہلکار اپنے پوائنٹس پر دلچسپی سے اپنے فرائض انجام دیں اور ڈیوٹی کے دوران ہر قسم کی تفریق اور تعصب سے بالاتر قانون کے یکساں نفاذ کو یقینی بنائیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ضلع بھر میں ٹریفک کے نظام کو مزید بہتر بنانے کیلئے متعدد احکامات جاری کردیئے